© rasailojaraid.com

## مورخہ 19,18 مارچ بروز جمعرات، جمعہ کو جامعہ علوم اثریہ میں نواں سالانہ فری آئی کیمپ

جہلم (نامہ نگار) دینی تعلیم و تربیت کے ساتھ ساتھ سماجی خدمات کا مستقل تسلسل قائم کر کے جامعہ علوم اثریہ جہلم نے غریب عوام کے دل موہ لئے، ان خیالات و تاثرات کا اظہار جہلم میں نویں سالانہ انٹرنیشنل فری آئی کیمپ کے موقع پر مریضوں، ان کے لواحقین اور ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے اپنے ذاتی مشاہدہ کے موقع پر رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر سے کیا ہے۔ یاد رہے کہ دینی علوم کی بین الاقوامی یونیورسٹی (جامعہ علوم اثریہ) جو گزشتہ اٹھائیس (28) سال سے قرآن و حدیث کی اعلیٰ تعلیم کا شاندار ریکارڈ رکھتی ہے۔ یہ ادارہ دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ عوام کی سماجی خدمت میں بھی پیش پیش ہے۔ یتیم بچوں کیلئے وظائف، اثریہ ٹرسٹ ہسپتال بھٹیال و اثریہ فری ڈسپنسری، مساجد کی تعمیر اور آبنوشی کی سکیموں کے ساتھ ساتھ گزشتہ نو (9) سال سے مسلسل انٹرنیشنل فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ گزشتہ سالوں کی طرح امسال بھی ہزاروں مریضوں کی آنکھوں کا مفت معائنہ، فری عینکیں اور ادویات مہیا کرنے کے ساتھ ساتھ مریضوں کو رہائش اور کھانا بھی فری دیا گیا، آپریشن سے قبل مریضوں کے یورن اور شوگر ٹیسٹ بھی فری کئے گئے۔ مریضوں کے علاج معالجہ کیلئے سعودی عرب کی این جی او ''البصر انٹرنیشنل فاؤنڈیشن'' کے تعاون سے ابراہیم آئی ہسپتال کراچی کے بین الاقوامی شہرت کے حامل ماہر ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل سٹاف کی اٹھارہ (18) رکنی ٹیم جناب ڈاکٹر محمد عارف شاہ کی قیادت میں کیا۔ جبکہ ان کی معاونت میں جامعہ علوم اثریہ کے اساتذہ و طلبہ، اہل حدیث یوتھ فورس اور اہل حدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن کے جوانوں کے علاوہ مرکزی جمعیت اہل حدیث کے احباب پیش پیش رہے۔ زنانہ کیمپ میں جامعہ اثریہ للبنات کی معلمات و طالبات کے علاوہ جہلم کی دیگر خواتین نے بھرپور حصہ لیا۔ اس مرتبہ کیمپ میں چار ہزار آٹھ سو پچاسی (4885) مریضوں کا فری چیک اپ کیا گیا جبکہ تین سو اٹھاون (358) مریضوں کی آنکھوں کا آپریشن کیا گیا اور تمام مریضوں کو لینز بھی فری ڈالا گیا۔ یاد رہے کہ یہ کیمپ علاقے کا سب سے بڑا فری آئی کیمپ ہے۔ جہاں جامعہ علوم اثریہ کی عظیم الشان سہ منزلہ بلڈنگ کی ایک چھت تلے یہ سارے کام سرانجام دیئے جاتے ہیں۔ اس موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے بتایا کہ الحمدللہ کہ آج تک اس کیمپ میں ہونے والے آپریشن کے تمام مریضوں کو اللہ رب العزت نے صحت و عافیت سے نوازا اور کسی مریض سے کوئی شکایت موصول نہ ہوئی، اس پر ہم اللہ کا جتنا بھی شکریہ ادا کریں وہ کم ہے۔ اس موقع پر ضلع جہلم کی سیاسی، سماجی، مذہبی، صحافتی حلقوں کے خصوصی تعاون کے ساتھ ساتھ ضلع پولیس کے افسران اور اہل کار، سکیورٹی کے اعلیٰ انتظامات کرنے پر بھی خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ کیمپ کا دورہ کرنے والی بے شمار اہم شخصیات میں رکن قومی اسمبلی راجہ محمد اسد خان، ای ڈی او ہیلتھ ضلع جہلم ڈاکٹر شاہد تنویر جنجوعہ، شاہد رسول ڈار، زاہد افضل، وحید ریاض، محمد ریاض بٹ اور ملک محمد صابر وغیرہ شامل ہیں۔ اس کیمپ کے نگران اعلیٰ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل تھے ان کی معاونت مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے کی۔ ان کے دیگر معاونین میں سید یونس علی شاہ بخاری ایڈووکیٹ، شیخ محمد اسحاق، ڈاکٹر شاہد تنویر جنجوعہ، محمد افضل لون، ارشد محمود زرگر، ڈاکٹر ظفر محمود محمود مرزا جہلمی، سیٹھی محمد ارشد اور عمران صادق کر رہے تھے۔ دیگر انتظامی کمیٹیوں کے نگرانوں میں ماسٹر اقبال اختر قریشی، عامر سلیم علوی، ڈاکٹر عاطف جواد، سیف ادریس، چوہدری عبدالاحد، سیٹھی محمد اصغر، راجہ انار گل ایڈووکیٹ شامل ہیں۔



© rasailojaraid.com